25 مئی 2017ء

اسٹیٹ بینک نے رمضان المبارک کے دوران دفتری اوقات کار کا اعلان کر دیا

رمضان المبارک 1438ھ کے دوران اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور تمام بینک، ترقیاتی مالی ادارے اور مائکروفنانس بینک پیر تا جمعرات صبح 8 بجے سے دوپہر سوا 2 بجے تک بلاوقفہ کھلے رہیں گے، جبکہ جمعہ کو صبح 8 بجے سے دوپہر ایک بجے تک بلاوقفہ کھلے رہیں گے۔

تاہم عوام سے کاروباری لین دین کے لیے دفتری اوقات پیر تا جمعرات صبح 8 بجے سے دوپہر پونے 2 بجے تک بلاوقفہ ہوں گے، جبکہ جمعہ کو صبح 8 بجے سے دوپہر ساڑھے 12 بجے تک بلاوقفہ ہوں گے۔

رمضان المبارک کے بعد یہ اوقاتِ کار اپنے سابقہ معمول پر آجائیں گے۔

…………………………………